PDMA
Provincial Disaster Management Authority
Sector B-2 Phase-V Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa.
Phone: (091) 9219635, 9219636 Fax: (091) 9219637
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس:

مورخہ: 27جون،2026

گلاف ایڈوائزری

پریس ریلیز

خیبر پختونخوا کے بالائی اضلاع میں گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے فلیش فلڈ اور لینڈ سلائیڈنگ کا امکان۔پی ڈی ایم اے نے الرٹ جاری کر دیا۔

پشاور: پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) خیبر پختونخوا نے شدید گرمی کی لہر کے باعث صوبے کے بالائی اضلاع میں گلیشیائی جھیل پھٹنے (GLOF)، اچانک سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ اور ملبے کے ریلوں کے خطرے کے پیش نظر الرٹ جاری کر دیا ہے۔
پاکستان محکمہ موسمیات کے مطابق خیبر پختونخوا میں شدید گرمی کی صورتحال جولائی کے پہلے ہفتے تک برقرار رہنے کا امکان ہے، جس کے باعث برف اور گلیشیئر تیزی سے پگھلیں گے۔اس صورتحال سے دریاؤں اور ندی نالوں میں پانی کی سطح بلند رہنے، گلیشیائی جھیلوں کے پھیلاؤ اور نئی جھیلوں کے بننے کا خدشہ ہے۔

پی ڈی ایم اے نے ضلعی انتظامیہ چترال اپر، چترال لوئر، دیر اپر، سوات، اپر کوہستان، لوئر کوہستان اور مانسہرہ کو ہدایت کی ہے کہ حساس علاقوں کی مسلسل نگرانی کی جائے، مقامی آبادی کو بروقت آگاہ رکھا جائے، محفوظ مقامات پر انخلا کی تیاریاں مکمل رکھی جائیں اور ریسکیو سمیت تمام متعلقہ ادارے ہائی الرٹ رہیں۔

سیاحوں اور مسافروں کو بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور گرمی کی شدت کے دوران دریاؤں، ندی نالوں اور گلیشیئرز کے قریب جانے سے اجتناب کریں۔

پی ڈی ایم اے کا ایمرجنسی اپریشن سنٹر مکمل طور پر فعال ہے عوام کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی اطلاع ہماری ہیلپ لائن 1700 پر دیں۔

ترجمان پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا